www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ ABC Certified پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | ہفتہ 21 مارچ 2026ء بمطابق یکم شوال 1447ھ | شمارہ 237 | قیمت 10 روپے

ملک بھر میں عید الفطر آج مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی جائے گی

پاکستان بلیٹن کی جانب سے تمام اہل وطن کو عید مبارک

مختلف سیاستدان عید الفطر منانے کیلئے اپنے اپنے آبائی علاقوں میں چلے گئے، زرداری نواب شاہ، شہباز، نواز شریف لاہور میں عید منائیں گے

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو لاڑکانہ، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر ڈھرنال ضلع اٹک میں اور وزیراعلیٰ مراد علی شاہ سیہون میں عید منائیں گے

مولانا فضل الرحمٰن ڈیرہ اسماعیل خان، سابق اسپیکر اسد قیصر صوابی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن اور رضا ربانی کراچی میں عید منائینگے

کراچی (لاہور (ویب ڈیسک) ملک بھر میں عید الفطر آج (ہفتہ) مذہبی جوش و جذبہ کیساتھ منائی جائیگی۔ مختلف سیاستدان عید الفطر منانے کیلئے اپنے اپنے آبائی علاقوں میں چلے گئے، صدر مملکت آصف زرداری نواب شاہ، وزیر اعظم شہباز شریف، نواز شریف، مریم نواز لاہور میں عید منائیں گے۔ علاوہ ازیں وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار، حمزہ شہباز، وفاقی وزیر احسن اقبال، سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور، سردار لطیف کھوسہ، شاہد خاقان عباسی، اعتزاز احسن، تحریک قومی آسمبلی سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، احسن اورنگزیب، سابق وزیر خارجہ خورشید قصوری، جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن اور رضا ربانی کراچی میں عید منائینگے۔ جبکہ پیپلز پارٹی بلاول ہاؤس کراچی، بختاور ہاؤس، آصفہ ہاؤس لاہور میں عید منائیں گے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو لاڑکانہ، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر اپنے گاؤں ڈھرنال ضلع اٹک میں عید ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 30

ایران کا اسرائیل کی آئل ریفائنری پر حملہ حیفہ کو بجلی معطل ایف 35 تباہ

شمالی شہر حیفا میں واقع آئل ریفائنری کو ایرانی میزائل حملے کا نشانہ بنایا گیا جس کی وجہ سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے، حملے کے نتیجے میں بجلی کی فراہمی عارضی طور پر متاثر ہوئی، اسرائیلی حکام کی تصدیق

پاسداران انقلاب کے حملے میں ایک ایف 35 اسٹیلتھ طیارے کو مبینہ طور پر فائرنگ کا سامنا کرنے کے بعد مشرق وسطیٰ میں قائم امریکی فضائی اڈے پر ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی، حملے کی ویڈیو بھی وائرل

ایران کی سب سے بڑی تواناٸی تصصیلات پارس گیس فیلڈ پر صیہونی حملے کے بعد جوابی کارروائی میں اسرائیل کی حیفہ آئل ریفائنری پر میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا

حملہ کیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی حکام نے بھی تصدیق کی ہے کہ شمالی شہر حیفا میں واقع آئل ریفائنری کو ایرانی میزائل حملے کا نشانہ بنایا گیا

جس کی وجہ سے بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی ہے۔ اسرائیلی وزیر توانائی ایلی کوہن کے مطابق حملے کے نتیجے میں بجلی کی فراہمی عارضی طور پر متاثر ہوئی،

جبکہ اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے بھی کہا ہے کہ اس کی ایک کارروائی کے نتیجے میں امریکی جدید جنگی طیارہ ایف

جنگی طیارے کویت کی فضاؤں میں تباہ ہوئے جن میں 6 امریکی جنگی جہازوں کو شدید نقصان پہنچا جو تباہ ہونے والے 1 6 امریکی جہازوں کے علاوہ ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ان میں سے 3 امریکی

طیارے تباہ ہو چکے ہیں۔ بلوم برگ کے مطابق ایران کے خلاف جنگ میں تباہ ہونے والے طیاروں میں 10 ریپر ٹرائٹن ڈرون طیارے بھی شامل ہیں جبکہ

نیو دہلی (ویب ڈیسک) امریکی خبری ادارے بلوم برگ نے انکشاف کیا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ میں اب تک امریکا کے 16 جنگی

ایران جنگ میں امریکا کے 16 جنگی طیارے تباہ ہو چکے، بلوم برگ

5، کے سی 135 ری فیولنگ طیارے سعودی عرب کے ایک ہوائی اڈے پر ایرانی میزائل کا نشانہ بنے جن سے انہیں کافی نقصان پہنچا

ایک کے سی 135 ٹینکر طیارہ ری فیولنگ آپریشن کے دوران تباہ ہو گیا اور اس کے عملے کے تمام 6 ارکان بھی ہلاک ہو گئے، بلوم برگ

ہمارا قومی اتحاد دشمن کو جھکنے پر مجبور کردے گا، مجتبیٰ خامنہ ای

ہم نے روزے اور جہاد کو ایک ساتھ جاری رکھا، اللہ کا شکر ہے کہ دشمن ٹوٹ چکا ہے

چاہتے ہیں پاکستان اور افغانستان آپس میں تعلقات کو بہترین کریں، ایرانی سپریم لیڈر

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ ہمارا قومی اتحاد دشمن کو جھکنے پر مجبور کردے گا، اپنی قوم کے نام پیغام دیتے

ہوئے انھی خامنہ ای کا کہنا تھا کہ ہم نے روزے اور جہاد کو ایک ساتھ جاری رکھا، اللہ کا شکر ہے کہ دشمن ٹوٹ چکا ہے۔ انہوں نے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

کراچی: بوہل کراؤنڈ میں عید الفطر کی نماز کی تیاری، قنبلے لگا دیئے گئے ہیں

کراچی دہشتگردی کا منصوبہ ناکام، بھارتی نیٹ ورک پکڑا گیا

ریلوے ٹریک اڑانے والے نیٹ ورک کے 5 ارکان کو پکڑ لیا گیا، ملزمان ریلوے ٹریکس کو نقصان پہنچانے میں ملوث ہیں

دہشت گرد قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بچنے کے لیے بارودی مواد کی ترسیل فیملی کے ہمراہ کرتے تھے، سی ٹی ڈی

کالعدم بی ایل اے اور بی ایل ایف کو بھارتی خفیہ ایجنسی را ملی معاونت فراہم کر رہی ہے، دہشتگرد تخریب کاری کی منصوبہ بندی کر رہے تھے

دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں اور ان کے خلاف کارروائیاں قابل ستائش ہیں، وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار کی ٹیموں کو شاباش

کراچی (ویب ڈیسک) سی ٹی ڈی، سویلین اور وفاقی حساس اداروں نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ریلوے ٹریک پر حملے کے منصوبے کو ناکام بنا دیا، کالعدم تنظیم بلوچ ریپبلکن گارڈ کے 5 دہشت گرد گرفتار کر لیے گئے۔ گرفتار دہشت گردوں نے کامیاب کارروائی پر ذمے داران سے ملاقات کی۔ ملزمان نے کامیاب کارروائی پر ذمے داران سے ملاقات کی۔ گرفتار دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، آئی ای ڈی اور اسلحہ برآمد ہوا ہے، جبکہ گرفتار ملزمان میں کالعدم بلوچ ریپبلکن گارڈ کے دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں اور ان کے خلاف کارروائیاں قابل ستائش ہیں، سندھ ضیاالحسن لنجار

پشاور: عید الفطر کی تیاری کے سلسلے میں شہری پشاری چپل خرید رہے ہیں

سری لنکا نے امریکی جنگی طیاروں کو اڈہ دینے سے انکار کر دیا

امریکا نے دو جنگی طیارے مبینہ طور پر فائرنگ کا سامنا کرنے کے بعد مشرق وسطیٰ میں قائم امریکی فضائی اڈے پر ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی، حملے کی ویڈیو بھی وائرل

امریکا نے دو جنگی طیارے مبینہ طور پر فائرنگ کا سامنا کرنے کے بعد مشرق وسطیٰ میں قائم امریکی فضائی اڈے پر ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی، رپورٹ کے مطابق دونوں طیارے ایف 35 اسٹیلتھ طیارے کو

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آفسٹ پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فجر فلور، ہنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

علی لاریجانی کی شہادت کے بعد ایران کے قوم کے جوابی حملوں میں شدت

امریکا اور ناجائز صیہونی ریاست نے ایران پر جنگ مسلط تو کردی لیکن ایران کی جوابی کارروائیوں کے سلسلے نے نہ صرف انھیں حیران کر رکھا ہے بلکہ طویل عرصے سے ان کی دفاعی اور عسکری قوت کے حوالے سے بنائے گئے بت کو چکنا چور کر دیا ہے۔ ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سیکرٹری علی لاریجانی کی شہادت کے بعد ایران کی طرف سے جوابی حملوں میں شدت آ رہی ہے۔ اس سلسلے میں ایرانی فورسز نے وسطی اسرائیل کے مختلف مقامات پر بھی نقصانات کی اطلاعات ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ ایران نے اسرائیل پر حملے میں پہلے کبھی نہ استعمال ہونے والے ہتھیاروں کا استعمال کیا۔ تازہ حملوں کے بعد تل ابیب کے کئی علاقوں کی بجلی منقطع ہوگئی اور چار ہزار قابض آباد کاروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنا پڑا۔ اسرائیلی دارالحکومت میں ٹرین سروس غیر معینہ مدت کے لیے معطل کر دی گئی جبکہ بن گوریان ایئرپورٹ پر ایرانی حملے سے 3 طیارے تباہ ہوگئے۔ ایرانی فوج نے کہا ہے کہ جنگ کے بعد حیفہ میں امریکا کے لیفٹیننٹ جنرل توازن قائم ہوگئے۔ ادھر، اسرائیلی صدر نے تسلیم کیا ہے ایرانی میزائل اور ڈرون حملوں نے اسرائیل کی دفاعی صلاحیت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ایرانی فوج نے کہا ہے کہ 6 سے 8 گھنٹوں کے وقفے سے خیبر سوداد نے تیسرا میزائل حملہ کیا ہے جس کے بعد ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ یہ اسرائیل کے لیے ایک بڑا پیغام ہے۔ ایرانی میزائل موت اور تباہی لا رہے ہیں۔ دوسری جانب، ایران نے خاتم الانبیاء ہیڈ کوارٹر کے جنرل علی عبداللہ کو شہید کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی فوج نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ہمارے سر پر ایٹمی ہتھیار لیے کھڑے ہیں۔ ہمارا رویہ غیر معمولی ہوگا۔ علاوہ ازیں، ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے اسرائیل کے فضائی حملے میں ایرانی اٹمی سائنس دان سید اسماعیل خطیب کی شہادت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ اہل ایران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دشمن کو اس کے کیے کی بھاری قیمت چکانا ہوگی۔ ایرانی صدر نے کہا ہے کہ اہل ایران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دشمن کو اس کے کیے کی بھاری قیمت چکانا ہوگی۔ ایرانی صدر نے کہا ہے کہ اہل ایران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دشمن کو اس کے کیے کی بھاری قیمت چکانا ہوگی۔

افغان طالبان، تمام شد

2026ء میں اقوام متحدہ کے تجزیاتی جنرل کی رپورٹ کے مطابق، طالبان نے خواتین کو گھروں میں قید کرنے، تعلیم پر پابندیاں لگانے، اور اقلیتوں کو سماجی و معاشی زندگی سے بے دخل کرنے کی جو پالیسیاں اپنائی ہیں، انہوں نے دنیا کے ہر مہذب معاشرے کے ان کے خلاف کھڑا کر دیا ہے۔ مارچ 2026ء میں ان کے خلاف ڈھلمل یقین تک نوبت جا پہنچی ہے، جس کے نتیجے میں دہشت گردوں کی باتوں کے ساتھ ساتھ املاک کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ ظاہر ہے جب ایک ریاست اپنے شہریوں کے ساتھ دہشت گردی کے لیے کھول دے تو وہ خود بھی اسی بلا کے ہاتھوں یرغمال بن جاتی ہے۔ طالبان نے بھی اسی کا سامنا کیا ہے۔ ایک طرف وہ سعودی عرب کے ساتھ اپنے دفاعی اور سفارتی تعلقات کو بڑھانا چاہتا ہے اور دوسری طرف ایران کے ساتھ تصادم سے ہر قیمت پر بچنا بھی ضروری سمجھتا ہے۔ پاکستان کی کوششوں کے باوجود بھی یہ کشیدگی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی۔ تھادا کو فرق تھا، جس نے ہدد، احد اور ہدد جیسے بڑے جنگجو پیدا کیے، جبکہ طالبان کی قیادت ایسی صلاحیت سے محروم ہے۔ طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کی طرف سے ٹرمپ کے بیان کو ”کھوکھلی دھمکی“ قرار دینا اس کی واضح مثال ہے۔ طالبان کی اس غلط فہمی کی بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ اس جنگ کے حقیقی اثرات کو سمجھ نہیں پا رہے۔ طالبان نے ان حقیقی دشمنوں کو نظر انداز کیا۔ پھر وہ اپنے ہی عوام سے دور ہوگئے تھے۔ ایک المی حکومت جو اپنے شہریوں کے حقوق دینے کے بجائے ان سے بنیادی آزادی بھی چھین رہا ہو، وہ زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتی۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق، افغانستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں تیز رفتار سے بڑھ رہی ہیں، جس کا سیدھا سیدھا مطلب یہ ہے کہ طالبان کی حکومت اپنے ہی عوام کی نظر میں جواز کھو رہی ہے۔ ایسی حکومت جو اپنے شہریوں کو بنیادی حقوق نہ دے سکے، وہ کبھی مستحکم نہیں ہو سکتی۔ طالبان کے لیے اب بھی وقت ہے کہ وہ اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کریں۔ خواتین کو تعلیم اور روزگار کے مواقع دیں، اقلیتوں کو تحفظ فراہم کریں اور اپنے ہی عوام کے ساتھ ایک نیا سماجی معاہدہ کریں۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو ان کی حکومت کا زوال صرف وقت کی بات ہے۔ اور اس بار شاید دنیا بھی ان کے لیے کھڑی نہ ہو۔

فرحت عباس شاہ

ان کے خلاف کمر آکر رہا ہے۔ مارچ 2026ء میں ہی ان کے خلاف ایک بڑی کارروائی کی گئی جس کے نتیجے میں دہشت گردوں کی باقاعدہ کمر توڑ دی گئی۔ اس کارروائی کے بعد سے ہی ان کے خلاف ایک بڑا ردعمل سامنے آیا ہے۔ ہر طرف سے ان کی مذمت کی جا رہی ہے۔ ان کے خلاف ایک بڑا محاذ کھل گیا ہے۔

بقیہ نمبر 01

کے قریب گاں ٹھمن عمیر بگر اور درگاہ ستیوں کے قریب گاں خاں عمیر بگر کے کی رہائشی متاثر ہوئے ہیں۔ متاثرین خلیفہ ملاح، اعظم ملاح، نظرو ملاح، حبیب ملاح، واحد بخش ملاح، نظام جی، سومار، غلام، بشو، صادق، خدو، رشید، قادر، ناتھو، بیوہ نظرو، بیوہ سانی، بیوہ جانی، بیوہ پتھانی، بیوہ مایا جانی، شیخ عظم ملاح اور دیگر نے بتایا کہ حالیہ شدید بارشوں کے نتیجے میں گاں ٹھمن عمیر بگر میں 35 مکانات اور گاں خانو عمیر بگر میں 15 مکانات اور گوٹھ کے قریب گاں عیدو عمیر بگر میں 10 سے زائد کچے مکانات گر گئے ہیں۔ جس کے باعث متاثرین نے ان کے آسمان تلے بے یار و مددگار بیٹھے ہیں اور اب تک کسی نے ان کی خبر گیری نہیں کی۔ اس کے علاوہ عیدان، صاحبڈنو، سکندر، محمد الرحیم عمیر بگر اور دیگر آباد گاروں کی کھڑی فصلیں بھی شدید متاثر ہو کر رہ گئی ہیں، جس سے انہیں بھاری نقصان اٹھانا پڑا ہے، اور ان کی بھی کوئی مدد نہیں کی جا رہی۔ بارش متاثرین نے وزیر اعلیٰ سندھ، ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ اور متعلقہ نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کی داد رسی کی جائے، ان کے گھروں کا سروے کرا کر نقصانات کا ازالہ کیا جائے، ان کے مکانات پکے بنائے جائیں اور آباد گاروں کے نقصانات کا بھی ازالہ کر کے انہیں مزید پریشانی اور نقصان سے بچایا جائے۔

بقیہ نمبر 02

5G سروس کا اجرا ہوتے ہی درگاہ کریم کے مکینوں کی آگاہی اور بہتر سہولت کی فراہمی کے لیے تھانہ سٹی اور ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کے تعاون سے مقامیہ ویب سائٹس پر ان علاقوں کی تازہ فہرست جاری کریں گے جہاں 5G سروس دستیاب ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ ان 5G موبائل فونز کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں گی جو پاکستان میں اس سروس کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔ اس مرحلے میں معروف کمپنیوں کے دو 5G سمارٹ فونز ماڈلز پر جاری کردہ فہرست میں شامل ہوں گے، متعلقہ کوریج والے علاقوں میں 5G سروس استعمال کرنے کے قابل ہوں گے۔ تاہم، سروس کی دستیابی کا انحصار اس ادارے اور ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی کے اپنے انفراسٹرکچر پر ہوگا۔ صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ بھرکار کر گی کے لیے اپنے موبائل فون میں 5G سیٹنگ فعال کریں اور ڈیوائس کو تازہ ترین آپریٹنگ سسٹم پر اپڈیٹ رکھیں پی ٹی اے ملک بھر میں جدید 5G ٹیکنالوجی کی شناخت اور معروفراہمی کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 03

دلی مارکاہ اور ٹیک تھناں کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں چیئرمین سجیٹ نے کہا کہ نوروز امید، امن اور آبنگی اور روشنی کی تازہ کی روح پھونکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدیوں پر محیط یہ تہوار مشترکہ ثقافتی ورثے کی نمائندگی کرتا ہے اور معاشروں کے درمیان امن، بقائے باہمی اور احترام کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ چیئرمین سجیٹ نے کہا کہ ایسے مواقع عالمی ہنگیجز سے نمٹنے کے لیے اتفاق، مکالمے اور باہمی فہم و ادراک کی اہمیت کا احساس دلاتے ہیں۔ انہوں نے عوامی خلے سرحد پر رابطوں کو فروغ دینے اور خیر سگالی کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ چیئرمین سجیٹ نے پاکستان اور دنیا کے دیگر حصوں میں خوشحالی، مسرت اور فلاح و بہبود کی دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 04

نے ڈپٹی کمشنر کی رکن منتخب ہونے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع انتظامیہ کے ساتھ مکان میں داخل ہونا ہے اور اسٹرکچرل کو دہاں موجود لوگوں سے لوٹ مار کرتا ہے۔ فوج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ملزم نے دکان میں موجود ایک یاد دہنیں بلکہ 10 افراد سے موبائل فون اور نقدی چھین لی۔ ملزم افراد کو لوٹنے کے بعد ملزم بظیر کسی خوف یلی ہراساں کے دکان سے باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس ہی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزم کی تلاش اور گرفتاری کی کوششیں کر رہی ہے، تاہم دن ویڈیز ہونے والی اس واردات نے علاقے میں خوف و ہراس پھیلا دیا ہے۔

بقیہ نمبر 05

تو آپ لوگوں نے دیکھا تھا کہ اس صوبے کی مالی حالت بہت خراب ہے، یہ دیوالیہ صوبہ ہے، سیاس گنجائشوں کے پیچھے نہیں ہیں، آپ کے کیا معافی بلان ہیکہ آپ اس صوبے کو آگے لے کر چلیں گے، اس وقت میں نے اللہ پر توکل کرتے ہوئے کہا کہ ہم آگے سے پوینٹ نہیں کاللا ہوسکا معافی، ہزاران کہ ہم اس صوبے کو جتنی جلدی ہو سکا معافی، ہزاران سے نکالیں گے اور اگلی بار جب ملیں گے تو آپ کو گنجائشوں کی شکایت نہیں ہونے دیں گے، جب ہم آئے تھے اس زمانے میں ہمارے پاس 15 دن کی گنجائشیں ہی نہیں تھیں، آج میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ ہم گھاء سے بھی زیادہ کی گنجائیں دے سکتے ہیں، تاریخ میں پہلی بار ہم نے 15 دن میں دو گنجائیں دی ہیں، پہلی گنجائش کو ہم مارچ تک دی گئیں پھر ہم نے 13 مارچ سے گنجائیں دینے کا سلسلہ شروع کیا، یہ ایک نوید ہے کہ ہمارے مالی معاملات اچھے ہیں، اس کو دیکھتے ہوئے ہم نے گنجائیں دی۔

بقیہ نمبر 06

پر امن، پائیدار اور باہم سمر ہوا دنیا کی تعمیر کریں۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ نوروز میں روشنی کی تازہ کی پر فتح امن انسانیت کے اتحاد کو درس دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوروز ہتوہزار تین ہزار سال سے قدیم روایات کا امین اور ثقافتی ہم آہنگی کی علامت ہے، جو مختلف ثقافتوں اور قوموں کو ایک لڑی میں پروتا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ حکومت بین الثقافتی ہم آہنگی اور رواداری کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر اقوام متحدہ اور یونیسکو کی جانب سے نوروز کو خصوصی اہمیت حاصل ہے، جو اس کی عالمی حیثیت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے سندھ سمیت دنیا بھر کے لوگوں کو نوروز کی مبارکباد دیتے ہوئے دعا کی کہ یہ تہوار سب کے لیے امن، خوشحالی اور کامیابی کا پیغام لے کر آئے۔

بقیہ نمبر 07

سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران جنگ کے بعد ان کیلئے خطرہ بھی بہت کم رہ گیا ہے۔ نیٹو اراکین تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی شکایت کر رہے ہیں لیکن آبنائے ہرمز کو کھولنے میں مدد نہیں کرنا چاہتے، جو سارا وقت ایسا ہی رویہ رکھتے ہیں۔ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی اصل وجہ آبنائے ہرمز کی بندش ہی ہے، ان کیلئے یہ کام بہت آسان ہے اور خطرہ بھی نہایت کم ہے۔

بقیہ نمبر 08

قیادت کا کہنا ہے کہ کسی بھی قسم کی مدد کو برداست شرکت تصور کیا جائے گا، ایران پہلے ہی خبردار کر چکا ہے کہ جن تمام فوجی اڈوں سے جلے ہوئے حملے کیے گئے ہیں، قبل ازیں ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران نے اپنی فوجی طاقت کا اب تک صرف معمولی حصہ استعمال کیا ہے اور اگر ایرانی افراد سٹریکر پر دوبارہ حملہ کیا گیا تو رد عمل انتہائی سخت ہوگا۔

بقیہ نمبر 09

پاکستان میں چاندی کی فی تولہ قیمت 50 روپے گر کر 6847 روپے ہوگئی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بھی سونے کی قیمت 24 ہزار 300 روپے کی بڑی کمی کے بعد 5 لاکھ روپے فی تولہ سے کم ہوگئی تھی۔

بقیہ نمبر 10

میں 21 مارچ سے 23 مارچ تک تمام ہی این جی ایس ٹیکل مکمل طور پر بند رہیں گے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ یہ سخت فیصلہ گہرائیڈ سرانجین کو گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے تاکہ عام شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔ اعلامیہ میں واضح کیا گیا ہے کہ متعلقہ علاقوں میں این جی ایس ٹیشن کھولنے والوں کے خلاف فقہ 188 پبلی ڈی کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ یاد رہے کہ پٹرول میں گیس کی قلت کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مزید انتظامی اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 11

معافی دی گئی، قیدیوں کو تعلیم حاصل کرنے، اچھے کردار کے علاوہ صحد محکمت، سیکرٹری داخلہ اور آئی جی پرزن کی جانب سے بھی سزا میں معافی دی جاتی ہے۔ پرزن رولز کے مطابق سزا معافی کا حکم خصوصی قیدیوں پر لاگو ہوتا ہے ۔ دہشت گردی، فرقہ واریت، جاسوسی، بغاوت یا ریاست مخالف سرگرمی پر سزا یافتہ قیدی مستفید نہیں ہوں گے۔ قتل، زنا، ڈکیتی فرقہ وارانہ، ڈکیتی، اغوا کے مجرمان، مالی نمبن اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے مقدمات میں یافتہ قیدی مستفید نہیں ہوں گے۔

بقیہ نمبر 12

جبکہ خواتن قیدیوں کا گزری کم از کم شرط 10 فیصد سے کم کر کے 7.5 فیصد کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 13

کے پرانے ہاتھ بحال کرنے کا دعویٰ فیصلہ کیا گیا، جبکہ ہینڈ سٹی کا دجہ پانے والے سرکاری کالجز کا پرانا نام بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، سرکاری کالجز کے گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کابینہ کے اجلاس میں 100 نئے یونیورسٹی کالجز کے قیام کا فیصلہ کیا گیا، 100 نئے یونیورسٹی کالجز میں 1 لاکھ 54 ہزار 292 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 17

شروع ہونے کے بعد سے پورے میں گیس کی قیمت تقریباً دگنا ہو چکی ہے ۔ دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ ایران اپنی غیر فوجی تنصیبات پر اسرائیلی حملے کے جواب میں طاقت کا بھاری استعمال کرے گا، اگر اسرائیل نے ایران کی درخواستوں پر کان نہیں دھرے۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا کہ اگر ایران کے بنیادی ڈھانچے پر دوبارہ حملہ کیا گیا تو قومی مفاد کا تحفظ نہیں کریں گے، جنگ کا خاتمہ کسی بھی انداز سے ہو، شہری علاقوں میں ہونے نقصانات کا ازالہ لازمی شرط ہوگی۔

بقیہ نمبر 18

آفریدی نے بتایا کہ ہر بیزن سے قبل کیمپ کا انتظار اس لیے کیا جاتا ہے تاکہ کھلاڑی ایک دوسرے کو بہتر سمجھیں اور ٹیم کے ماحول کے ساتھ ہم آہنگ ہو جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ 4 سے 5 سال ٹیم کے لیے انتہائی کامیاب رہے ہیں، خاص طور پر پلیٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے نیٹ پلیئٹ کو سامنے لانے میں قومی فاسٹ بولرز کے مطابق ملک بھر میں ٹرائلز کے ذریعے باصلاحیت کھلاڑی منتخب کیے گئے، انہیں مواقع فراہم کیے گئے، اور بعض کھلاڑی قومی سطح تک پہنچنے میں کامیاب ہوئے، جو ٹیم کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے۔ شاہین آفریدی نے امید ظاہر کی کہ دوں سال بھی نوٹرنگ کے ذریعے نئے نوجوان کھلاڑی سامنے آئے ہیں، اور ایک یاد باصلاحیت نوجوان پلی ایس ایل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ برسوں کے لیے بھی مضبوط کھلاڑی تیار کیے جا رہے ہیں۔ پیتان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے شامل ہونے اور نئے گراؤنڈ پر میچز کے انعقاد سے شائقین کرکٹ کو مزید دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔

بقیہ نمبر 19

پر مزید بات کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ وہ شدہ ڈپلیٹس کا شکار ہو گئی تھیں، ابتدائی طور پر انہیں سمجھ نہیں آیا کہ انہیں کیا ہوا ہے۔ نیوٹین شاہ کے مطابق انہوں نے انتہائی خطرناک اور مایوس کن والا وقت دیکھا، وہ خدا کی شکر گزار ہیں کہ انہیں بیماری اور پریشانی سے نجات ملی۔

بقیہ نمبر 20

گیا۔ خواتین وزیر خانون نے اس موقع پر کہا کہ بار سٹیشنز حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان کی مشیبلی نظام انصاف کے مؤثر قیام کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت بار کونسلز کے ترقیاتی منصوبوں میں بھرپور معاونت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ملاقات کے دوران بار کونسل کے چیئرمین اور مجموعہ منصوبوں کے لیے تعلقاتی خانون بزعماء، وکلاء اور دیگر متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر قانون نے وکلاء برادری کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ نظام انصاف میں بار کونسلز کا کردار انتہائی اہم ہے اور حکومت اس کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے قابل اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 21

بھان، سیدآباد اور اطراف کے علاقوں میں بارش ہوئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بھی وقتاً فوقتاً بارش ہوتی رہے گی، جس کے بعد بھی معطل ہوگی۔ بارش اور تیز ہوا کے سبب کندم اور اسپغول کی تیار فصلوں کو شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ نمبر 22

ہے، جلاب حکومت نے امدادی کارڈ کی تقسیم، دستر خوان اور سہولت بازار کے قیام کے لیے اقدامات حاصل کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں مستحق افراد کو ان کی دہلیز پر امدادی قسم کے کارڈ پہنچائے گئے ہیں، کسی بھی سلیبہ پوش اور مستحق شہری کی عزت نفس کو مجروح نہیں کیا گیا، ہر ہیں روپے کے رمضان پیکج کی تقسیم کا عمل شفاف طریقے سے مراحم پایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ روزانہ کی بنیاد پر بڑاروں شہریوں نے مریم کے دسترخوانوں سے روزے افطار کے ہیں، یہ ہے مریم نواز کا جلاب ہدتا ہوا جلاب۔ صوبے میں آج الحلطہ نی شلیں قائم ہو رہی ہیں، عظمی بخاری نے مزید کہا کہ مریم نواز نے جلاب کے وزرا اور اضران کو عوام کی خدمت کرنا سکھائی ہے، پہلی حکومتوں کو عوام دھمکاتے تھے، رہبر دیتے کھاتے تھے، اب حکومت اور تھانیدار وسائل خود جیل کر لوگوں کی دہلیز تک پہنچ رہے ہیں، یہ ہے اصل تبدیلی اور یہ ہے اصل انقلاب۔

بقیہ نمبر 16

بعد 1 لاکھ 52 ہزار 10 پر آ گیا، کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 1 لاکھ 51 ہزار 51 کی نچلی سطح پر بھی آیا، جبکہ 1 لاکھ 52 ہزار 698 کی بلندی پر بھی پہنچا، کاروبار کے اختتام پر 100 انڈیکس 1 لاکھ 54 ہزار 292 پوائنٹس پر بند ہوا۔

بقیہ نمبر 15

ڈالنگ، مارکیٹ میں ایوری تھنگ آرگینک کیپنے بنانے پر اتفاق ہوا، کاؤنٹ گارڈن میں بھی فورے کیے گئے، نیو یارک میں ورلڈ کاس کلیئرنس ہاؤس کا قیام ہوگا، اجلاس میں ایوری تھنگ آرگینک کیپنے بنانے کے طریقہ کار اور ٹیکنالوجی کے استعمال پر بھی غور کیا گیا، اجلاس میں بتایا گیا کہ ایران کے ساتھ تجارت کے لیے 15 دن کی گنجائش دی گئی ہے، بینک گنجائش دینے سے انکار کر دیں گے،

کفایت شعاری پالیسی، 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کردی گئیں

ترجیل میمن

گراؤنڈ کی گئی گاڑیوں میں محکمہ صحت اور محکمہ خزانہ، اسکول ایجوکیشن، انرجی اور محکمہ اینٹی کرپشن کی گاڑیاں بھی شامل، بعض محکموں میں یہ شرح 65 فیصد سے بھی تجاوز کرگئی

47 سے زائد محکموں کی گاڑیاں گراؤنڈ کی گئی ہیں، 2 ہزار 837 گاڑیوں میں سے 1 ہزار 524 گاڑیاں گراؤنڈ کی گئی ہیں، فیصلہ اینڈھن اخراجات کے پیش نظر کیا گیا

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کا کہنا ہے کہ کفایت شعاری مہم کے تحت 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کردی ہیں۔ سندھ کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے کفایت شعاری کا اجلاس ہوا، جس کی صدارت شرجیل انعام میمن نے کی۔ اس موقع پر شرجیل میمن نے بتایا کہ 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کردی گئی ہیں، 7 سے زائد محکموں کی گاڑیاں گراؤنڈ کی گئی ہیں جبکہ 2 ہزار 837 گاڑیوں میں سے 1 ہزار 524 گاڑیاں گراؤنڈ کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گراؤنڈ کی گئی گاڑیوں میں محکمہ صحت اور محکمہ خزانہ، اسکول ایجوکیشن، انرجی اور محکمہ اینٹی کرپشن کی گاڑیاں بھی شامل ہیں جبکہ بعض محکموں میں یہ شرح 65 فیصد سے بھی تجاوز کرگئی ہے۔ شرجیل میمن نے مزید بتایا کہ انٹرپروفیشنل کوآرڈینشن ڈیپارٹمنٹ میں تمام گاڑیاں گراؤنڈ کی گئی ہیں، فیصلہ اینڈھن اخراجات کے پیش نظر کیا گیا اور موبائل حکومت کفایت شعاری پالیسی پر پختگی سے عملدرآمد کررہی ہے۔

ونڈر سمر روڈ کوئٹہ پر خاندان کی کفالت کے لیے ٹماٹر بیچتا ہے

نوروز تجدیدِ حیات، امید اور نئے آغاز کی علامت ہے، مراد علی شاہ

نوروز تہوار تین ہزار سالہ قدیم روایات کا امین اور ثقافتی ہم آہنگی کی علامت ہے

کراچی (پ ر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم نوروز کے مواقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال 21 مارچ کو عالمی یوم نوروز دنیا بھر میں جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوروز تجدیدِ حیات، امید اور نئے آغاز کی علامت ہے اور یہ تہوار انسان کو مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنے کا پیغام دیتا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ مل کر ایک ..... بقیہ صفحہ 6 نمبر 3

برطانیہ کا امریکہ کو فوجی اڈے فراہم کرنا جارحیت میں شمولیت تصور ہوگا، عباس عراقچی

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ نے جارحیت میں شمولیت تصور ہوگا، بی بی سی کے نمائندے کو جیل سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور دوٹوک مؤقف بیان کیا کہ امریکا کو فوجی اڈے فراہم کرنا برطانوی ہم منصب مطابق ایران نے خبردار کیا کہ ایسے ممالک کو جنگ کا حصہ سمجھا جائے گا، ایرانی ..... بقیہ صفحہ 8 نمبر 3

کاسا 1000 توانائی منصوبے میں پاکستان کی اہم کامیابی، 27 ملین ڈالر کی بچت کرلی

سٹاک ہوم (ویب ڈیسک) کاسا-1000 منصوبے میں پاکستان کو اہم اقتصادی کامیابی حاصل ہوئی ہے، جس میں 27 ملین ڈالر کی ممکنہ بچت ہوئی ہے۔ وزارت توانائی پاور ڈویژن (ا ک جانب سے جاری بیان کے مطابق سویڈن میں ہونے والے اعلیٰ سطح کے مذاکرات میں پاکستان نے کاسا 1000- منصوبے کے کنٹریکٹر کے تخمینہ شدہ اخراجات میں کمی کو لاگو 27 ملین ڈالر سے زائد کی بچت کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

کوئٹہ میں لیفٹیننٹ روڈ پر بہتا ہوا سیوریج نظام کی خفلت کو نمایاں کرتا ہے

زرمبادلہ کے ذخائر میں 1 کروڑ 26 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ

کراچی (ویب ڈیسک) سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں گزشتہ ہفتے کے دوران ایک کروڑ 26 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان سے جاری اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: ہفتہ وار بلند ترین سطح 154684 رہی

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی ہفتہ وار اپ ڈیٹ سامنے آگئی۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اس کاروباری ہفتے میں مجموعی طور پر 1 ارب 100 کروڑ 18 لاکھ 52 ہزار 740 حصص کا حجم رہا، جو ہفتہ وار بنیاد پر 125 فیصد زیادہ ہے۔ اس ہفتے میں 1